8 مئی 2020

محترم رفقائے کار، خاندان، اور سپورٹرز،

اس ہفتے، ہم نے اساتذہ کی قدرشناسی کا ہفتہ اور قومی نرسوں کا ہفتہ دونوں کی خوشی منائی۔ ان غیر معمولی حالات میں، یہ پیشہ ورانہ افراد اپنے طلباء کی صحت اور تحفظ کی معاونت سے لے کر تعلیمی بنیاد فراہم کرنے تک، ان کی ضروریات کو پورا کرنے کا ایک شاندار کام کر رہے ہیں جس کی انہیں کالج، طرزمعاش، اور معاشرے میں کامیابی کے لئے ضرورت ہوگی۔ ہم اپنے تمام اساتذہ اور نرسوں کو ان کی ثابت قدم لگن کے لئے شکریہ ادا کرتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ اس ہفتے ہر ایک نے شکاگو پبلک اسکولز (CPS) خاندان کی طرف سے قدر اور معاونت کو محسوس کیا۔

اتوار کو یوم ماں کے ساتھ، ہم ان حیرت انگیز ماؤں کو بھی تشکر کا اظہار کرنا چاہتے ہیں جو ہماری CPS برادری کا حصہ ہیں۔ والدین ہمارے ہمیشہ سب سے اہم شراکت دار ہوتے ہیں، لیکن ریموٹ یا بعیدی تعلیم کے اس وقت کے دوران تعلیم میں ان کے کردار نے مجموعی طور پر نئی اہمیت حاصل کی ہے۔ ہمارے اساتذہ اپنے طلباء اور اپنے بچوں کو گھر پر ایک مثبت سیکھنے کا تجربہ فراہم کرنے کے لئے اپنی ہر ممکنہ کوشش کر رہے ہیں۔ ہم ان تمام ماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو اکثر اپنے کیریئرز کے مطالبات میں توازن برقرار رکھتے ہوئے، اپنے بچوں کی تعلیم کی نگرانی کرنے میں مدد فراہم کر رہی ہیں۔ آپ سب ہیرو ہیں، اور ہم آپ کو پرمسرت اور راحت بخش یوم ماں کی مبارکباد دیتے ہیں۔

جیسا کہ ہم تعلیمی سال کے اختتام پر پہنچ رہے ہیں، ہم یہ یقینی بنانے کے لئے اپنے پراسیس کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تاکہ طلباء اور عملہ ہمارے اسکولوں سے اپنے سامان کو بحفاظت گھر لا سکیں۔ مزید برآں، الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کی رہنما ہدایات کے ساتھ ہم آہنگی میں، ہم موسم گرما کے اسکول کو ورچوئلی منعقد کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ برائے مہربانی آنیوالے ہفتوں میں ان منصوبوں کے بارے میں اضافی رہنمائی تلاش کرتے رہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ ہمارے والدین، طلباء، شراکت دار، اور عملہ سبھی اس وقت ایک ہی چیز کے بارے میں متجسس ہوں گے— موسم خزاں میں CPS کے لئے اسکول کیسا دکھائی دے گا؟ اس مقام پر، میز پر بہت سارے اختیارات موجود ہیں، اور صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کی بدلتی ہوئی نوعیت کی وجہ سے، موسم خزاں کے لئے ابھی تک کوئی فیصلے نہیں کیے گئے ہیں۔

جبکہ ہم امید کرتے ہیں کہ اسکول بروقت اور پوری صلاحیت کے ساتھ کھلیں گے، ہم خاندانوں کی معاونت کرنے اور موسم خزاں میں طلبا کی تعلیم جاری رکھنے کو یقینی بنانے کے لئے، ہم مختلف قسم کے ناگہانی منصوبے تشکیل دے رہے ہیں۔ اس ہفتے کے شروع میں، ISBE حکام نے سلسلہ وار ممکنہ منظرناموں کو تسلیم کیا—جس میں بعیدی تعلیم کو جاری رکھنے کے لئے طلباء کا متبادل دنوں میں اسکول میں شرکت کرنا شامل تھا—اور ہم یہ یقینی بنانے کے لئے کام کر رہے ہیں کہ ہم تیار ہیں کہ چاہے ہمارے مقامی اور ریاستی رہنما اور ہیلتھ کے عہدیداران جن اقدامات کا تعین کرتے ہیں وہ محفوظ ہیں اور ہمارے طلباء، عملہ، اور خاندانوں کی ضروریات کے لئے موثر ہیں۔

CPS ایک مستحکم 2020–21 اسکول کے سال کے لئے منصوبہ بنا رہے ہیں جو آپ کے بچے کو ایسی معیاری تعلیم فراہم کرے گا جس کے وہ مستحق ہیں۔ ہمارے اساتذہ، خاندانوں اور شراکت داروں سے مسلسل معاونت کے ساتھ، ہمیں پورا اعتماد ہے کہ ہم اس تعلیمی سال کو استحکام سے ختم کریں گے اور ایک ڈسٹرکٹ کے طور پر اگلے سال کا مزید کامیابی سے آغاز کریں گے۔

اس غیرمتوقع وقت کے دوران ہم آپ کے صبر اور تعاون کے لئے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور موسم خزاں کے لئے منصوبے تشکیل پانے پر آپ سے باقاعدگی سے مواصلت کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ برائے مہربانی صحت مند اور محفوظ رہیں یہاں تک کہ ہم سب ایک CPS خاندان کی حیثیت سے ایک ہوجائیں۔

پرخلوص،

جینس کے جیکسن
(Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹو آفیسر
شکاگو پبلک سکولز

لاٹانیا ڈی میکڈیڈ
(LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک سکولز